# Urdu Tests Syllabus

| مکالمہ نگاری+روداد+درخواست | غزل | نظم | سبق | ٹیسٹ نمبر۔ |
|---|---|---|---|---|
| ا۔دودوستوں کے درمیان علم کے فائدے کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔<br>+دودوستوں کے درمیان جہیز ایک سماجی برائی ہے کہ موضوع پر مکالمہ لکھیں۔<br>ا۔سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقریب کی روداد لکھیں+کسی تفریح مقام کی روداد لکھیں۔<br>ا۔پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست لکھیں۔+ڈپٹی کمشنر کے نام اپنے علاقے میں پارک کی بحالی کے لیئے درخواست لکھیں۔ | میر تقی میر+حیدر علی آتش | حمد+نعت | اسوہ حسنہ (ﷺ) +اپنی مدد آپ | 1 |
| دوسہیلیوں کے درمیان فیشن کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔+دودوستوں کے درمیان انٹرنیٹ کے فوائد نقصانات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔<br>ا۔کالج میں ہونے والی سالانہ تقریب کے موقع پر روداد لکھیں۔+اپنے کالج میں یوم اقبال کے حوالے سے ہونے والی تقریب کی روداد لکھیں۔<br>ا۔کالج کے پرنسپل کے نام تعلیمی سیر پر جانے کے لیئے درخواست لکھیں۔+چیئرمین بلدیہ کے نام علاقے کی صفائی کے لیئے درخواست لکھیں۔ | میرزاخاں داغ | میدان کربلا میں صبح کا منظر | بوالقاسم زاہوری+سفارش | 2 |
| ا۔دونوجوانوں کے درمیان ملک میں بڑھتی مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔<br>+بڑھتی ہوئی رشوت ستانی کے بارے میں دودوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔<br>ا۔یوم آزادی پر منعقد ہونے والی تقریب کے حوالے سے روداد لکھیں۔+یوم قائد اعظم کی ہونے والی کیتقریب کے موقع پر روداد لکھیں۔<br>ا۔پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کی درخواست لکھیں۔+پوسٹ ماسٹر کے نام پارسل گمشدہ کی بنارس پر درخواست لکھیں۔ | مومن خان مومن | ہلال استقلال | لاہور کا جغرافیہ | 3 |
| ا۔دودوستوں کے درمیان استاد کے احترام کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔+دو دوستوں کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔<br>ا۔کسی میچ کا آنکھوں دیکھا حال پر روداد لکھیں۔+اپنے کالج میں سلانہ تقسیم انعامات کی تقریب کی روداد لکھیں۔<br>ا۔پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں درخواست لکھیں۔+ چیئرمین بورڈ کے نام سند جاری کی درخواست لکھیں۔ | حسرت موہانی | خطاب بہ جوانان اسلام | مکتوبات اقبال | 4 |
| ا۔دودوستوں کے درمیان گداگری ایک لعنت کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔<br>ا۔کالج میں منعقد ہونے والی مقابلہ حسن نعت کے موقع پر روداد لکھیں۔<br>ا.نام خارج ہونے کے بعد پرنسپل کے نام دوبارہ داخلے کی درخواست لکھیں۔ | فیض احمد فیض | پیغام | دوستی کا پھل | 5 |
| دودوستوں کے درمیان ہم نصابی سرگرمیوں کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔<br>ا۔کسی شادی کی تقریب کی روداد لکھیں۔<br>ا۔موٹر سائیکل چوری ہونے کی رپورٹ تھانے میں درج کروانے کی درخواست لکھیں۔ | احمد ندیم قاسمی | وحدانیت | اور گھر آنا مرغیوں کا | 6 |

**عبارت کی تلخیص اور عنوان+شعری اصلاحات (قافیہ،ردیف، مطلع، مقطع)+تسبیہ،**

**تلمیح، استعارہ+جملوں کی درستگی (تذکرہ وتانیث کے حوالے سے) تمام ٹیسٹ میں شامل ہوں گے۔۔۔**

available on taleemcity.com

| Name: | | Roll#: | | Class: | Inter Part-I |
|---|---|---|---|---|---|
| Subject: | Urdu-11 | Date: | | Time: | |
| Test Type # | Type 6 - Short Test - Marks=40 | | | | |
| Test Syllabus: | Test-1 | | | | |

**1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(5x1=5)**

1. سبق اسوۂ حسنہ ﷺ کی صنف کیا ہے؟ (A)مضمون (B)افسانہ (C)ناول (D)خطبہ
2. کسی ملک کی خوبی و عمدگی اور قدرو قیمت کا دارومدار کس چیز پر ہے؟ (A)حکومت کے چال چلن پر (B)رعایا کے چال چلن پر (C)امرا کے چال چلن پر (D)غرباء کے چال چلن پر
3. " تلمیح " ہے۔ (A)گل مراد (B)موتیوں جیسے دانت (C)چاند چہرہ (D)آب حیات
4. ردیف کہاں آتی ہے؟ (A)قافیہ سے پہلے (B)قافیہ کے بعد (C)صرف پہلے شعر میں (D)صرف آخری شعر میں
5. گندم --------- فروخت جاری ہے۔ (A)کا (B)کے (C)کو (D)کی

**2- درج ذیل اشعار میں سے کسی (1) کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** **(3+1+1=5)**

نہیں تیرے سوا ، یہاں کوئی میزباں تُو ہے ، مہماں تُو ہے
رنگ تیرا ، چمن میں بُو تیری خُوب دیکھا تو باغباں تُو ہے

**یا- درج ذیل اشعار میں سے کسی (2) کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** **(2+2+1=5)**

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے
ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا تمام عمر رفو گر رہے ، رفو کرتے

**یا- نظم کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔** حمد **(5)**

**3- سیاق و سباق کے حوالے سے نیچے دیے گئے جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے:** **(10)**

(i) ایک حاکم کے لیے محکوم کی زندگی، ایک دولت مند کے لیے غریب کی زندگی اور ایک غریب کے لیے دولت مند کی زندگی کامل مثال اور نمونہ نہیں بن سکتی۔ اس لیے ضرورت ہے کہ عالم گیر اور دائمی پیغمبر ﷺ کی زندگی ان تمام مختلف مناظر کے رنگ برنگ پھولوں کا گلدستہ ہو۔ ہم چلتے پھرتے بھی ہیں، اٹھتے بیٹھتے بھی، کھاتے پیتے بھی ہیں، سوتے جاگتے بھی، ہنستے بھی ہیں روتے بھی، پہنتے بھی ہیں اتارتے بھی، سیکھتے بھی ہیں سکھاتے بھی،مرتے بھی ہیں مارتے بھی ، کھاتے بھی ہیں اور کھلاتے بھی، احسان لیتے بھی ہیں اور کرتے بھی ہیں۔

(ii) ایک نیچر کا قاعدہ ہے کہ جیسا مجموعہ قوم کی چال چلن کا ہوتا ہے۔ یقینی اُسی کے موافق اس کے قانون اور اس کے مناسب حال گورنمنٹ ہوتی ہے۔ جس طرح کہ پانی خود اپنی پنسال میں آجاتا ہے، اسی طرح عمدہ رعایا پر عمدہ حکومت ہوتی ہے اور جاہل وخراب و ناتربیت یافتہ رعایا پر ویسی ہی اکھڑ حکومت کرنی پڑتی ہے۔

**یا- سبق کا خلاصہ لکھیےاور مصنف کا نام بھی لکھیے:** اُسوہ حسنہ ﷺ **(10)**

**4- درخواست تحریر کیجیے۔** تحصیل ناظم کے نام تفریحی پارک کے قیام کے لیے درخواست لکھیں۔ **(10)**

**یا- روداد قلمبند کیجیے۔** سیرت النبی ﷺ کی تقریب **(10)**

**یا- مکالمہ تحریر کیجیے۔** دو طالب علموں کے درمیان جہیز کے بارے میں مکالمہ لکھیں۔ **(10)**

**5- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:** **(10)**

اُردو شاعری کے فروغ کا آغاز اسلامی تہذیب کے آخری دور میں ہوا۔جب کہ عیش پرستی اور کاہلی نے ہمارے ہم وطنوں کے خیالات و جذبات کی روحانی آگ کو قریب قریب ٹھنڈا کر دیا تھا۔ قومی زندگی کی نبض سست ہو چکی تھی۔ جو کچھ بلند خیالی و ضعداری اور عالی حوصلگی کے جوہر باقی رہ گئے تھے ان کی ہستی بجھے ہوئے چراغوں کی روشنی سے زیادہ نہ تھی ۔ تا ہم اس بد نصیبی کے دور میں اُردو زبان کی خوش قسمتی سے چند ایسے با کمال پیدا ہوئے جو شاعری اور زبان دانی کے جو ہر اپنے ساتھ لائے تھے اور جن کے ولولوں میں قومی زوال کے زمانے میں بھی اپنے بزرگوں کی حمیت اور تہذیب کا اثر باقی تھا۔

# MCQs Ans Key

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Q:1 (D) | Q:2 (B) | Q:3 (D) | Q:4 (B) | Q:5 (D) |

available on taleemcity.com

| Name: | | Roll#: | | Class: | Inter Part-I |
|---|---|---|---|---|---|
| Subject: | Urdu-11 | Date: | | Time: | |
| Test Type # | Type 6 - Short Test - Marks=40 | | | | |
| Test Syllabus: | Test-2 | | | | |

**-1 درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(5x1=5)**

1. ابو القاسم الزہاروی کے آباؤ اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟ (A)الزہرا (B)شام (C)اندلس (D)مصر
2. ابو القاسم زہراوی کون تھا ؟ (A)ماہر تعمیرات (B)سائنس دان (C)ماہر تعلیم (D)ماہر قانون
3. "یہ طارق ' صلاح الدین کا ' محمود کا پرچم " میں " طارق " " صلاح الدین " اور " محمود " ہیں: (A)تشبیہات (B)تلمیحات (C)استعارات (D)اصنعات
4. مطلع کے دونوں مصرعوں میں ردیف سے پہلے آنے والے ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں: (A)استعارہ (B)قافیہ (C)ردیف (D)مقطع
5. میں نے قصہ ' ' چہار درویش" ---------- ہے۔ (A)پڑھی (B)پڑھے (C)پڑھا (D)پڑھو

**-2 درج ذیل اشعار میں سے کسی (1) کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** **(3+1+1=5)**

وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے، ہجوم کو کو کا شور، نالۂ حق سرّہٗ کی دُھوم

سبحان ربّنا کی صدا تھی، عَلَی العُموم جاری تھے وہ جو اُن کی عبادت کے تے رسوم

**یا- درج ذیل اشعار میں سے کسی (2) کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** **(2+2+1=5)**

دِل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں الٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا

ڈرتا ہوں دیکھ کر دِل بے آرزو کو میں سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

**یا- نظم کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔** میدان کربلا میں صبح کا منظر **(5)**

**-3 سیاق و سباق کے حوالے سے نیچے دیے گئے جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے:** **(10)**

(i)آنسوؤں سے بھیگا ہوا، بچوں کی طرح گول گول سرخ چہرہ لیے فیکا اٹھا اور بولا "بابو جی! کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ میں شکریہ ادا کروں تو کیسے کروں۔" میرا بابا ٹھیک ہوگیا ہے۔ اس کی دونوں آنکھیں ٹھیک ہوگئی ہیں۔ اُسے بینائی اللہ نے دی ہے اور آپ نے دی ہے۔ آپ نے مجھے خرید لیا ہے بابو جی۔ قسم خدا کی میں عمر بھی آپ کا نوکررہوں گا۔" اور میں نے ایک بہت لمبی، بہت گہری سانس لے کر کہا۔ "کوئی بات نہیں فیکے۔ کوئی بات نہیں۔"

(ii)تصریف" کی نمایاں خصوصیات میں فاضل مصنف نے اس میں جابجا اپنے تجربات کی روشنی میں سرجری کے متعلق ایسی تصریحات کی ہیں جن سے طبی دنیا اس سے پہلے بے خبر تھی۔ زہراوی کا طرز بیان عام فہم اور زبان سادہ ہے۔ وہ جس موضوع پر قلم اٹھاتا ہے اس کے تمام رموزاس خوبی سے بیان کرتا ہے کہ قاری کے لیے کسی قسم کا الجھاؤ باقی نہیں رہتا۔ پھر بعض دیگر طبی مصنفوں کی طرح وہ فلسفیانہ موشگافیوں میں نہیں الجھا بلکہ اپنے فن کے عملی پہلوؤں کو سامنے رکھتا ہے ۔

**یا- سبق کا خلاصہ لکھیےاور مصنف کا نام بھی لکھیے:** ابوالقاسم زہراوی **(10)**

**-4 درخواست تحریر کیجیے۔** پرنسپل صاحب کے نام کسی تاریخی مقام کے سفر پر جانے کی اجازت طلب کرنے کے لیے درخواست لکھیں۔ **(10)**

**یا- روداد قلمبند کیجیے۔** کالج میں جلسہ، تقسیم انعامات **(10)**

**یا- مکالمہ تحریر کیجیے۔** طالبات کے درمیان فیشن پرستی کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ **(10)**

**-5 درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:** **(10)**

اس امر پر شعرائے کرام کا اتفاق ہے کہ جس لفظ یا محاورے کو با لاتفاق چار نامور شاعر استعمال کر لیں وہ مستند ہو جاتا ہے اگرچہ غلط بھی ہو ۔ اس لیے کہا جاتا ہے غلط العام فصیح ہوتا ہے یعنی وہ غلط جو عام ہو۔ عام سے مراد جسے فصحا استعمال کرتے ہوں اور غلط العام غلط اور نا قابل استعمال ہوتا ہے چونکہ اسے عوام بولتے ہیں ادیب اور شاعر نہیں استعمال کرتے ہیں لیکن بحر و قافیہ کی غلطی کسی طرح مستند نہیں ہو سکتی غلطی، غلطی ہی تصور ہو گی ۔

avilable on taleemcity.com

# MCQs Ans Key

Q:1 (C) Q:2 (B) Q:3 (B) Q:4 (B) Q:5 (A)

available on taleemcity.com

| Name: | | Roll#: | | Class: | Inter Part-I |
|---|---|---|---|---|---|
| Subject: | Urdu-11 | Date: | | Time: | |
| Test Type # | Type 6 - Short Test - Marks=40 | | | | |
| Test Syllabus: | Test-3 | | | | |

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5x1=5)

1. راوی ضعیف کے بہنے کا شغل کب سے بند ہے؟ (A)دو سال سے بند ہے (B)چار سال سے بند ہے (C)سات سال سے بند ہے (D)اب بہنے کے قابل نہیں رہا
2. لاہور میں بہم رسانی آب کا منصوبہ بنایا۔ (A)جہانگیر نے (B)نظام سقہ نے (C)انگریزوں نے (D)مغلوں نے
3. الفاظ کا حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کہلاتاہے۔ (A)تشبیہ (B)استعارہ (C)مقطع (D)مطلع
4. تلمیح کی مثال کون سی ہے؟ (A)بلالی شیر ہے (B)بلال شیر کی طرح بہادر ہے (C)بلال شاعر ہے (D)روح بلالی نہ رہی
5. حمزہ نے سائیکل ---------- (A)خریدا (B)خریدے (C)خریدی (D)خریدو

2- درج ذیل اشعارمیں سے کسی (1) کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+1+1=5)

محمد ابنِ قاسم کے سحاب جُود کا پرچم یہ طارق کا ، صلاح الدین کا ، محمود کا پرچم
یہ پرچم ہے نشاں ، عالم میں فتح و کامرانی کا زمیں پر ابرِرحمت ہے ، نوید آسمانی کا

یا- درج ذیل اشعارمیں سے کسی (2) کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (2+2+1=5)

ہم سے نہ بولو تم، اسے کیا کہتے ہیں بھلا انصاف کیجیے پوچھتے ہیں، آپ ہی سے ہم
بیزار جان سے جو نہ ہوتے تو مانگتے شاید شکایتوں پہ تیری مدعی سے ہم
بے روئے مثلِ ابر نہ نکلا غبارِ دل کہتے تھے ان کو برقِ تبسم ہنسی سے ہم

یا-نظم کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ہلال استقلال (5)

3- سیاق و سباق کے حوالے سے نیچے دیے گئے جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے: (10)

(i)تانگوں میں بناسپتی گھوڑے استعمال کیے جاتے ہیں۔ بناسپتی گھوڑا شکل صورت میں دُم دار ستارے سے ملتا ہے کیوں کہ اس گھوڑے کی ساخت میں دُم زیادہ اور گھوڑا کم پایا جاتا ہے۔ حرکت کے وقت اپنی دُم دبا لیتا ہے اور ضبطِ نفس سے اپنی رفتار میں ایک سنجیدہ اعتدال پیدا کرتا ہے تاکہ سڑک کا ہر تاریخی گڑھا اور تانگے کا ہر ہچکولا اپنا نقش آپ پر ثبت کرتا جائے اور آپ کا ہر ایک مسام لطف اندوز ہوسکے۔

(ii)چوتھی قسم خالی طلبہ کی ہے۔ یہ طلبہ کی خالص ترین قسم ہے۔ ان کا دامن کسی قسم کی آلائش سے تر ہونے نہیں پاتا۔کتابیں، امتحانات، مطالعہ اور اسی قسم کے خرخشے کبھی ان کی زندگی میں خلل انداز نہیں ہوتے۔ جس معصومیت کو لے کر وہ کالج میں پہنچے تھے، اسے آخر تک ملوث نہیں ہونے دیتے اور تعلیم اور نصاب اور درس کے ہنگاموں میں اس طرح زندگی بسر کرتے ہیں جس طرح بتیس دانتوں میں زبان رہتی ہے۔

یا-سبق کا خلاصہ لکھیےاور مصنف کا نام بھی لکھیے:لاہور کا جغرافیہ (10)

4-درخواست تحریر کیجیے۔ پوسٹ ماسٹر کے نام پارسل گمشدگی کے بارے میں درخواست لکھیں۔ (10)

یا-روداد قلمبند کیجیے۔ یوم قائد کی تقریب (10)

یا-مکالمہ تحریر کیجیے۔ دودوستوں کے درمیان "بڑھتی ہوئی رشوت ستانی" کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (10)

5- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: (10)

وہ دو برس بھی کیا منتخب سال تھے کہ اگر یورپ میں چرچل ، لینن اور سٹالن پیدا ہوئے تو برِ اعظیم میں قائدِاعظم ، علامہ اقبالؒ ، محمد علی جوہرؒ اور ظفر علی خاںؒ بھی اُنھی برسوں میں پیدا ہوئے ۔ اس کے بعد برِ اعظم میں نہ جانے مسلمانوں پر کیا اُفتاد پڑی کہ نہ دیوانے پیدا ہوئے اور نہ فرزانے ۔ ہمارے حصے میں تو بس ایک ہجوم آیا سر گشتہ و برگشتہ ۔ تشکیل پاکستان سے وابستہ ساری توقعات بھی عبث ثابت ہوئیں ۔ بد قسمتی سے پاکستانی مائیں صرف افسر اور تاجر ہی جنتی رہیں ۔ ممکن ہے قدرت اس فیاضی کا جو اُس نے انیسویں صدی کی ساتویں دہائی میں دکھائی تھی حساب لے رہی ہے۔ جو ملک اور قومیں اس میزان پر پوری اتریں انھیں مزید بڑے آدمی عطا ہوئے اور جو ناکام رہیں اُنھیں سزا کے طور پر ایسے لوگ ملے جو شامت اعمال ہوا کرتے ہیں ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بڑے آدمی انعام کے طور پر دیے اور سزا کے طور پر روک لیے جاتے ہیں ۔

available on taleemcity.com

# MCQs Ans Key

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Q:1 (D) | Q:2 (B) | Q:3 (B) | Q:4 (D) | Q:5 (C) |

available on taleemcity.com

| Name: | | Roll#: | | Class: | Inter Part-I |
|---|---|---|---|---|---|
| Subject: | Urdu-11 | Date: | | Time: | |
| Test Type # | Type 6 - Short Test - Marks=40 | | | | |
| Test Syllabus: | Test-4 | | | | |

1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5x1=5)

1. علامہ اقبالؒ کو دانت کا درد کیوں ہوا؟ (A)میٹھی چیزیں کھانے سے (B)ترشی کے زودیادہ استعمال سے (C)آم کھانے سے (D)انگور کھانے سے

2. کس رسالے میں ایک ریویو علامہ اقبالؒ کی نظر سے گزرا؟ (A)ایسٹ اینڈ ویسٹ (B)زمانہ (C)ماہِ نو (D)الزبیر

3. اس شعر میں تشبیہ دی گئی ہے:
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
(A)لب کو گلاب سے (B)لب کو پنکھڑی سے (C)لب کو نازکی سے (D)لب کو نہیں دی

4. غزل میں موسیقی اور ترنم کی وجہ: (A)مطلع (B)مقطع (C)ردیف (D)قافیہ

5. آپ کو کس بات کی فکر ہے؟ (A)کا (B)کی (C)کے (D)کو

2- درج ذیل اشعار میں سے کسی (1) کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+1+1=5)

سماں اَلفَقرُ فَخرِی کا ، رہا شانِ امارت میں
"بآب ورنگ وخال وخط، چہ حاجت روئے زیبارا"
گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے
کہ منعم کو گدا کے ڈر سے، بخشش کا نہ تھا یارا

یا- درج ذیل اشعار میں سے کسی (2) کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (2+2+1=5)

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی ترکِ اُلفت پر ، وہ کیوں کر یاد آتے ہیں

نہ چھیڑ اے ہم نشیں! کیفیتِ صہبا کے افسانے
شراب بے خودی کے ، مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

نہیں آتی تو یاد اُن کی ، مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں ، تو اکثر یاد آتے ہیں

یا- نظم کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ خطاب بہ جوانانِ اسلام (5)

3- سیاق و سباق کے حوالے سے نیچے دیے گئے جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے: (10)

(i) مجھے یقین ہے کہ اس دوا سے فائدہ ہو جائے گا کیونکہ جن اجزا سے یہ مرکب ہے ان میں سے ایک اخلاص بھی ہے جو ان حکیم صاحب کو خود بخود میرے مکان تک لے آیا۔ بہرحال خدا تعالیٰ کے فضل کا منتظر ہوں۔ میاں ریاض صاحب نے آپ کو لاہور کی دعوت دی اور انجمن حمایتِ اسلام لاہور نے دعوت دی۔ افسوس ہے آپ نے کسی کی دعوت قبول نہ کی۔ میری تو یہ رائے ہے کہ ضرور ان دونوں کی دعوتوں کو قبول فرمائیے۔

(ii) میں تو اپنے آپ کو اس درد کی وجہ سے رفتنی سمجھتا تھا مگر محض اس خیال سے تسکین تھی کہ پاؤں کا درد ہے۔ حرکت محال ہے، رفتنی نہیں آمدنی ہوں۔ باقی خدا کے فضل وکرم سے خیریت ہے۔ امید ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔ ممکن ہو تو لاہور ضرور آیئے اور لوگوں کو اپنا تازہ کلام بھی سنایئے

یا- سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے: مکتوبات اقبال (10)

4- درخواست تحریر کیجیے۔ پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں درخواست لکھیں۔ (10)

یا- روداد قلمبند کیجیے۔ کرکٹ میچ (10)

یا- مکالمہ تحریر کیجیے۔ احترامِ استاد کے بارے میں مکالمہ لکھیں۔ (10)

5- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: (10)

اُردو شاعری کے فروغ کا آغاز اسلامی تہذیب کے آخری دور میں ہوا۔جب کہ عیش پرستی اور کاہلی نے ہمارے ہم وطنوں کے خیالات و جذبات کی روحانی آگ کو قریب قریب ٹھنڈا کر دیا تھا۔ قومی زندگی کی نبض سست ہو چکی تھی۔ جو کچھ بلند خیالی و ضعداری اور عالی حوصلگی کے جوہر باقی رہ گئے تھے ان کی ہستی بجھے ہوئے چراغوں کی روشنی سے زیادہ نہ تھی ۔ تاہم اس بد نصیبی کے دور میں اُردو زبان کی خوش قسمتی سے چند ایسے باکمال پیدا ہوئے جو شاعری اور زبان دانی کے جوہر اپنے ساتھ لائے تھے اور جن کے ولولوں میں قومی زوال کے زمانے میں بھی اپنے بزرگوں کی حمیت اور تہذیب کا اثر باقی تھا۔

avilable on taleemcity.com

# MCQs Ans Key

Q:1 (B) Q:2 (B) Q:3 (B) Q:4 (D) Q:5 (B)

available on taleemcity.com

| Name: | | Roll#: | | Class: | Inter Part-I |
|---|---|---|---|---|---|
| Subject: | Urdu-11 | Date: | | Time: | |
| Test Type # | Type 6 - Short Test - Marks=40 | | | | |
| Test Syllabus: | Test-5 | | | | |

**1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(5x1=5)**

1. کبوتر دوستی کا پیغام لے کر سب سے پہلے کس کے پاس گیا؟ (A)گدھ کے پاس (B)سانپ کے پاس (C)چڑیوں کے پاس (D)بلبل کے پاس
2. پڑوسیوں سے کس قسم کے تعلقات ہونے چاہئیں؟ (A)اتحاد و یگانگت (B)پر خلوص اور خوش گوار (C)بھائی چارہ (D)دوستی اور بھائی چارہ
3. ”بچہ پھول کی طرح ہے“ میں” کی طرح“ کیا ہے؟ (A)حرفِ تشبیہ (B)غرض تشبیہ (C)تشبیہ (D)نازک
4. قافیہ مشتق ہے لفظ : (A)وقف سے (B)قفی سے (C)قوفی سے (D)قفا سے
5. کھاری پانی سے صابن پھٹکیاں پیدا ..........ہے : (A)کرتا (B)کرتی (C)کرتے (D)کرتیں

**2- درج ذیل اشعار میں سے کسی (1) کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** **(3+1+1=5)**

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاکِ غیر اللہ کو ‌ ‌ خوفِ باطل کیا کہ ہے غارت گر باطل بھی تُو
بے خبر! تُو جوہرِ آئینہ ایّام ہے ‌ ‌ تُو زمانے میں خُدا کا آخری پیغام ہے

**یا- درج ذیل اشعار میں سے کسی (2) کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** **(2+2+1=5)**

کرو کج جبیں پہ سر کفن ، مرے قاتلوں کو گماں نہ ہو ‌ ‌ کہ غرورِ عشق کا بانکپن ، پسِ مرگ ہم نے بھلا دیا
اُدھر ایک حرف کہ کُشتنی، یہاں لاکھ عذر تھا گفتنی ‌ ‌ جو کہا تو سن کے اڑا دیا جو لکھا تو پڑھ کر مٹا دیا
جوڑکے تو کوہِ گراں تھے ہم ، جو چلے تو جاں سے گزر گئے ‌ ‌ رہ یار ہم نے قدم قدم ، تجھے یادگار بنادیا

**یا-نظم کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔**پیغام **(5)**

**3- سیاق و سباق کے حوالے سے نیچے دیے گئے جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے:** **(10)**

(i)دن گذرتے گئے ۔ کبوتری نے جوانڈے دیے تھے، اب ان کی جگہ ننھے منے بچوں نے لے لی تھی۔ کبوتری اور کبوتر دن رات بچوں کی دیکھ بھال اور حفاظت میں لگے رہتے۔ ایک روز ایک شکاری اس طرف آنکلا۔ وہ صبح سے مارا مارا پھر رہا تھا لیکن کوئی شکار اس کے ہاتھ نہیں لگا تھا۔ وہ اسی درخت کے نیچے آکر کھڑا ہوگیا جس پر کبوتر اور کبوتری نے گھونسلا بنا رکھا تھا۔ اس نے دل میں سوچا۔

(ii)دونوں گدھ کبوتر اور کبوتری کے ساتھ جلدی جلدی دریا پر گئے اور انھوں نے اپنے بڑے بڑے پروں میں پانی بھر کے لاکر آگ پر پھینکنا سروع کردیا۔ اس طرح دیکھتے ہی دیکھتے چند لمحوں میں جلتی ہوئی آگ بجھ گئی۔ یہ دیکھ کر شکاری تلملا کر رہ گیا۔ مصیبت یہ تھی کہ اب اندھیرا بہت زیادہ ہوچکا تھا۔ پھریہ بھی تھا کہ شکاری بار بار درخت پر چڑھنے اترنے میں تھک چکا تھا۔

**یا-سبق کا خلاصہ لکھیےاور مصنف کا نام بھی لکھیے:**دوستی کا پھل **(10)**

**4-درخواست تحریر کیجیے۔** نام خارج ہونے کے بعد پرنسپل صاحب کے نام دوبارہ داخلے کی درخواست لکھیں۔ **(10)**

**یا-روداد قلمبند کیجیے۔** کالج میں منعقدہ نعت خوانی **(10)**

**یا-مکالمہ تحریر کیجیے۔** دودوستوں کے درمیان ”گدا گری ایک لعنت“کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ **(10)**

**5- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:** **(10)**

عبارت: ہماری سوسائٹی میں جو ایک عام دستور ہے کہ جو شخص اپنا کلام سُناتاہے اس کے ہر شعر پر، خواہ اچھا ہو یا بُرا، برابر تحسین و آفرین کی جاتی ہے اور اچھے بُرے شعر میں کچھ تمیز نہیں کی جاتی۔ مرزا غالب کی عادت بالکل اس کے برخلاف تھی۔ کوئی کیسا ہی معزز و محترم آدمی ہو، جب تک اس کا کوئی شعر فی الواقع مرزا کو پسند نہ آتا تھا۔ وہ ہر گز اس کی تعریف نہ کرتے تھے لیکن جو شعر ان کے دل میں چُبھ جاتا تھا اس کی تعریف بھی ایسی کرتے تھے جو مبالغے کی حد کو پہنچ جاتی تھی۔ وہ در حقیقت کسی کے خوش کرنے کیلئے ایسا نہیں کرتے تھے، بلکہ ذوقِ سخن ان کو بے اختیار کر دیتا تھا۔

avilable on taleemcity.com

# MCQs Ans Key

Q:1 (A) Q:2 (B) Q:3 (A) Q:4 (A) Q:5 (A)

available on taleemcity.com

| Name: | | Roll#: | | Class: | Inter Part-I |
|---|---|---|---|---|---|
| Subject: | Urdu-11 | Date: | | Time: | |
| Test Type # | Type 6 - Short Test - Marks=40 | | | | |
| Test Syllabus: | Test-6 | | | | |

**1- درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** (5x1=5)

1. سبق " اور آنا گھر میں مرغیوں کا " کی صنف کیا ہے؟ (A)سفر نامہ (B)افسانہ (C)انشائیہ (D)خاکہ
2. قلم گر کر ٹوٹ........... (A)گئی (B)گیا (C)گئے (D)گئیں
3. وہ شے جس کے لیے مستعار لیا جائے ' اسے کہتے ہیں۔ (A)مشبہ (B)مستعارلہ (C)مستعار منہ (D)مشبہ بہ
4. جو الفاظ جوں کے توں دہرائے جائیں ------ کہلاتے ہیں۔ (A)قافیہ (B)مطلع (C)ردیف (D)مقطع
5. آپ کے مزاج --------- ہیں۔ (A)کیسا (B)کیسے (C)کیسی (D)کیسیں

**2- درج ذیل اشعار میں سے کسی (1) کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** (3+1+1=5)

تُو اگر قہر پر اُتَر آئے تیری سطوت کا ہی رہے چرچا
اور اگر رحمتوں پہ مائل ہو کوئی مشفق نہیں ترِے جیسا

**یا- درج ذیل اشعار میں سے کسی (2) کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** (2+2+1=5)

اَب تو کچھ اور ہی ، اعجاز دکھایا جائے شام کے بعد بھی سورج ، نہ بجھا یا جائے
نئے انساں سے تعارف جو ہوا ، تو بولا میں ہوں سقراط، مجھے زہر پلایا جائے
موت سے کس کو مفر ہے، مگر انسانوں کو پہلے جینے کا سلیقہ، تو سکھایا جائے

**یا- نظم کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔** وحدانیت (5)

**3- سیاق و سباق کے حوالے سے نیچے دیے گئے جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے:** (10)

(i) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیے یا خلوصِ نیّت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اس کا حکم بجالائے۔ گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا آنکس پہچانتا ہے۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دُم ہلانے لگتا ہے جس سے مالک کو روحانی خوشی ہوتی ہے۔ سانپ بھی سپیرے سے ہِل جاتا ہے لیکن مرغیاں؟ میں نے آج تک کوئی مرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو۔ مہینوں ان کی نگہداشت اور سنبھال کیجیے۔ برسوں ہتھیلیوں پر چگایئے۔ لیکن کیا مجال کہ آپ سے ذرا بھی مانوس ہوجائیں۔

(ii) ایک عام خوش فہمی جس میں تعلیم یافتہ اصحاب بالعموم اور اُردو شعرا بالخصوص عرصے سے مبتلا ہیں، یہ ہے کہ مرغ صرف صبح اذان دیتے ہیں۔ اٹھارہ مہینے اپنی عادات وخصائل کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ یا تو میں جان بوجھ کر عین اس وقت سوتا ہوں جو قدرت نے مرغ کے اذان دینے کے لیے مقرر کیا ہے یا یہ ادبدا کر اس وقت اذان دیتا ہے جب خدا کے گناہگار بندے خواب غفلت میں پڑے ہوں۔

**یا- سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے:** اور آنا گھر میں مرغیوں کا (10)

**4- درخواست تحریر کیجیے۔** سائیکل/ موٹر سائیکل کی گمشدگی کی رپورٹ تھانے میں درج کرانے کی درخواست لکھیں۔ (10)

**یا- روداد قلمبند کیجیے۔** شادی کی تقریب (10)

**یا- مکالمہ تحریر کیجیے۔** استاد اور شاگرد کے درمیان ہم نصابی سرگرمیوں کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (10)

**5- درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:** (10)

عام لوگوں کی نظر میں بیشتر حیوانوں کی سی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اسی واسطے مولانا رومؒ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ " چراغ لے کر تمام شہر میں پھرا کہ کوئی انسان نظر آئے مگر نظر نہ آیا ـ" اور موجودہ زمانہ تو روحانیت کے اعتبار سے بالکل تہی دست ہے اسی واسطے اخلاص ، محبت و مروت اور یک جہتی کا نام و نشان نہیں رہا۔ آدمی آدمی کا خون پینے والا اور قوم قوم کی دشمن ہے۔ یہ زمانہ انتہائی تاریکی کا ہے لیکن تاریکی کا انجام سفید ہے۔ کیا عجب کہ اللہ تعالیٰ جلد اپنا فضل کرے اور بنی نوع انسان کو پھر ایک دفعہ نور محمدی عطا کرے۔

avilable on taleemcity.com

# MCQs Ans Key

Q:1 (C) Q:2 (B) Q:3 (B) Q:4 (C) Q:5 (B)

available on taleemcity.com